| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: ریاست اور حکومت | سبق کا نام: ریاست اور حکومت |

## مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- وفاقی حکومت کی ضرورت کی وجہ بیان کر سکیں۔
- مقامی، صوبائی اور وفاقی سطح پر حکومت سازی کا موازنہ کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ریاست اور حکومت''، لکھیں۔

طلبہ سے کہیں کہ وہ جماعت چہارم میں حکومت کے ستون پڑھ چکے ہیں۔ انھیں دہراتے ہوئے طلبہ سے پوچھیں کہ حکومت کے تین ستون کون کون سے ہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 24 سے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کسی ملک کا نظام چلانے کے لیے حکومت کی ضرورت پیش آتی ہے۔
- طلبہ کو حکومت کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتائیں کہ حکومت لوگوں کے بنیادی حقوق کا خیال رکھتی ہے۔ لوگوں کو ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہمارا ملک چار صوبوں پر مشتمل ہے۔ ہر صوبے کی الگ صوبائی حکومت ہے۔ وفاقی حکومت ان تمام صوبوں کو آپس میں جوڑے رکھنے کا کردار ادا کرتی ہے اور ان کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ملک کے اندرونی معاملات کے ساتھ ساتھ وفاقی حکومت ملک کے بین الاقوامی معاملات بھی سنبھالتی ہے۔ جن میں خارجہ پالیسی، دفاع، تجارت اور معیشت شامل ہیں۔
- طلبہ کو وفاقی حکومت کے مقاصد بتائیں جن میں عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی اور دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے لیے خارجہ پالیسی بنانا ہے۔

## اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: وفاقی حکومت کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی2 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 1 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: ریاست اور حکومت | باب سوم: ریاست اور حکومت |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مقامی، صوبائی اور وفاقی سطح پر حکومت سازی کا موازنہ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- صوبائی حکومت کی کیا ذمہ داریاں ہوتی ہیں؟
- پاکستان میں کون سا نظام حکومت رائج ہے؟

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 25 تا 27 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں وفاقی نظام حکومت تین ستونوں مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ پر مشتمل ہے۔ وفاقی سطح پر وزیر اعظم اور کابینہ کے ارکان کو حکومت بنانے کے لیے منتخب کیا جاتا ہے۔ وزیر اعظم وفاقی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کا صوبائی نظام حکومت صوبائی اسمبلی، وزیر اعلیٰ، صوبائی کابینہ، گورنر ہائی کورٹ اور انتظامی اداروں پر مشتمل ہوتا ہے۔
- انھیں بتائیں وزیر اعلیٰ صوبے کی انتظامیہ کا سربراہ ہوتا ہے۔ صوبے کا نظم و نسق چلانا وزیر اعلیٰ کی ذمہ داری ہوتی ہے۔
- طلبہ کو مقامی حکومت کا مختصر تعارف دیں اور بتائیں ایسی حکومت جو کسی شہر، قصبے یا ضلع کا انتظام کرے اور اس سے متعلق فیصلہ سازی کرے مقامی حکومت کہلاتی ہے۔ حکومتی منتظمین میں میئر، چیئر مین اور کونسلرز وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو تمام حکومتوں کا تعارف کروائیں اور ان سے بات چیت کریں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا) کے پہلے دو سوال کا جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: ریاست اور حکومت | سبق کا نام: ریاست اور حکومت |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مقامی، صوبائی اور وفاقی سطح پر حکومت سازی کا موازنہ کر سکیں۔
- پاکستان میں وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومت کے مابین باہمی انحصار کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب، ورک شیٹ، چارٹ پیپر

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- وفاقی حکومت کیوں قائم کی جاتی ہے۔
- وفاقی حکومت کن ستونوں پر قائم ہوتی ہے اور ہر ستون کا کیا کام ہے۔

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 25 تا 26 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- تختہ تحریر پر وفاقی، صوبائی اور مقامی سطح پر حکومتی اداروں کے اختیارات کے بارے میں لکھیں۔

| وفاقی حکومت | صوبائی حکومت | مقامی حکومت |
|---|---|---|
| • ملکی دفاع کی نگرانی کرتی ہے۔ | • صوبے کا نظم و نسق (قانون سازی، امن وامان کا قیام) چلاتی ہے۔ | • سڑکوں اور راستوں سے تجاوزات ہٹانا اور عوامی میلے منعقد کرتی ہے۔ |
| • ملکی معیشت کو سنبھالتی ہے۔ | • صوبائی محصولات کی نگرانی کرتی ہے۔ | • پینے کے پانی کا بندوبست اور نکاسی آب کا انتظام دیکھتی ہے۔ |
| • خارجہ پالیسی کے معاملات کی نگرانی کرتی ہے۔ | • صوبوں کے داخلی پالیسی کے معاملات سنبھالتی ہے۔ | • بیواؤں، یتیموں، معذروں اور قدرتی آفات کے متاثرین کی مدد کرتی ہے۔ |

- انھیں مقامی، صوبائی اور وفاقی حکومتوں میں فرق بتائیں۔ اب طلبہ کے ایک گروہ سے کہیں کہ ایک چارٹ بنائیں اور وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کا موازنہ کرتے ہیں۔ دوسرا گروہ پاکستان کی مختلف عدالتوں کا درجہ وار چارٹ بنائیں۔

- طلبہ کو وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومت کا باہمی انحصار بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ وفاقی حکومت پر پورے ملک کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اس کے بعد صوبائی حکومت اپنے اپنے صوبے کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ مقامی حکومت نچلی سطح پر اپنے علاقے کی ذمہ دار ہوتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتیں کس طرح اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں: مقامی، صوبائی اور وفاقی حکومتوں میں کیا فرق ہے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

ا۔ دیے ہوئے وفاقی حکومت کے ڈھانچے کو مکمل کریں۔

